Text of Urdu News

26-07-2026 12:30 PM

Opening

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینبصارت گل

من کی بات

وزیراعظم نریندرمودی نے آج اپنے ریڈیو پروگرام ’من کی بات‘ کے ذریعے ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

وزیراعظم نے کئی اہم معاملات کو اپنے پروگرام کا حصہ بنایا۔ انہوننے خاص طور سے کرگل وجے دوس کاذکر کرتے ہوئے اس جنگ میں شہید ہوئے جوانوں کو زبردست خراج عقیدپیش کیا۔

وزیراعظم نے جہاں بارشوں کے پانی کا ذخیرہ کرنے پر زور دیا وہیں انہوں نے کھیل ، پڑھائی اور ہُنر جیسے مختلف شعبوں کو فروغ دینے کی بھی تلقین کی ۔ انہوں نے سائنسی شعبے مینںوجوانوں کی دلچسپی دیکھ کر مسرت کا اظہارکیا۔ وزیراعظم نے’ ووکل فار لوکل‘کا نعرہ ایک بار پھر دہراتے ہوئے عوام کو اس طرف سنجیدگی سے غور کرنے کی اپیل کی۔

انہوننے کشمیر میں تیار کئے جانے والے گھاس کی چٹائی ’وگو‘ پر بھی تفصیل سے اظہار کرتے ہوئے مقامی دستکارغلام حسین اور ان کی بیٹی تنزیلا کی سراہناکرتے ہوئے کہا۔

واضح رہے یہ من کی بات پروگرام کا 136واں شمارہ تھا۔

وجے دوس

ملک آج27واں کرگل وجے دوس منارہا ہے۔ یہ دن 1999کی کرگل جنگ میں مادروطن کے دفاع کیلئے جانیں قربان کرنے والے بہادرفوجیونکو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ہرسال26جولائی کو منایا جاتاہے۔

اس دن کے حوالے سے منعقدہ سب سے بڑی تقریب کی قیادت کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے دراس میں کرگل وار میموریل پر شہید فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔وزیر دفاع نے کہاکہ بھارت اور پاکستان کے راستے الگ الگ ہیں، تاہم اگر پاکستان نے بھارت کے کسی بھی حصے کی طرف غلط نگاہ سے دیکھا تو ہمارے جوان اس کا بھرپور جواب دینے کیلئے تیار ہیں

پرہلاد جوشی

خوراک وعوامی تقسیم کاری کے مرکزی وزیرپرہلاد جوشی کو وزارت تعلیم کا اضافی چارج دیاگیاہے۔یہ فیصلہ دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کو صدر جمہوریہ کی منظوری ملنے کے بعد کیاگیاہے۔

اس بیچ مرکزی سرکار کل

Public Examination Preventaion and Unfairmeans Ammendmend Bill-2026

لوک سبھا میں پیش کرے گی۔ اس بل کامقصد امتحانات کے حوالے سے ایکٹ2024میں مزید ترمیم کرنا ہے۔ اس سے پہلے مرکزی کابینہ نے فاسٹ ٹریک عدالتوں کے قیام ، امتحانی پرچہ لیک ہونے اور امتحانی بے ضابطگیوں جیسے معاملات میں سخت ترین سزا یقینی بنانے کیلئے مجوزہ قانون سازی کو منظوری دی ہے۔

ایل جی یاترا

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کل ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے شری امرناتھ جی یاترا کے حوالے سے موجودہ انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پہلگام اور بالتل کے راستوں کی نوعیت کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر ڈویژنل کمشنرکشمیر انشل گرگ ، شری امرناتھ جی شرائن بورڈ کے ایڈیشنل سی ای او راہل سنگھ کے علاوہ انتظامیہ اور پولیس کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔ لیفٹننٹ گورنر نے یاترا کے راستوں کی جاری مرمت کے حوالے سے متعلقہ افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ ان راستوں کے حساس مقامات کو اولین ترجیحی دے کر یاتریوں کی مکمل حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کریں۔ اس کے علاوہ انہوننے یاتریوں کیلئے تمام

بنیادی سہولیات کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ان راستوں پر مزید ریسکیو ٹیموں کی تعیناتی کی بھی ہدایت دی۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترابالتل کے راستے سے جاری ہے تاہم پہلگام راستے سے یاترا بند ہے جس کی سرکاری بیان کے مطابق مرمت جاری ہے۔

اس بیچ کل بال تل کے راستے سے 4ہزار474یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔

ادھر صوبائی کمشنر کشمیرانشل گرگ کے مطابق یاترا شروع ہونے سے کل شام تک مجموعی طورپر3لاکھ 95ہزاریاتریوننے شیو لنگم کے درشن کئے ہیں۔

اس دوران سرینگر ۔جموں قومی شاہراہ کے رامسو علاقے میں جاری مرمت کے پیش نظرشاہراہ پر دونوں اطراف سے گاڑیوں کی آمد ورفت فی الحال بند کردی گئی ہے۔